لوگوں کو اٹھانا پڑ گیا ہے جبکہ بوریا نشینوں نے کچھ کرگزرنے کی ٹھان لی ہے۔وہ ہر مسئلہ کا پرامن حل تلاش کرنا چاہتے ہیں۔یہی پیغام وہ بھارت کو بھی بہت اچھے انداز میں پہنچا آئے ہیں۔تعجب ہے کہ جن لوگوں نے پچپن برس تک وطن عزیز کا لہو جونک کی طرح چوسا اور کشمیر ایشو پر کوئی کارکردگی دکھانے سے محروم رہے' وہی قاصر ہمت لوگ آج مذہبی اتحادوں کو مسئلہ کشمیر کے حل میں رکاوٹ قرار دینے لگ گئے ہیں۔اسے کہتے ہیں''الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے'' یاد رکھیے! یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے لایعنی طرزِ عمل سے اُس چمن کی نئی نسلوں کو اداسیوں کے مہیب غاروں میں دھکیل دیا ہے۔اب ان پر ہیجانی و ہذیانی کیفیات طاری ہیں۔انہوں نے سوچ کی طنابیں کھینچیں' اس کے پاؤں میں ہمہ نوعی افلاس کی گرہیں ڈالیں اور عمر کے لمبے سفر کو یاس آلودہ کر دیا۔

مسافرانِ آخرت

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ("ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں")

قبر کے چوکھٹے خالی ہیں 'انہیں مت بھولو
جانے کب کون سی تصویر لگادی جائے

☆ ریاض احمد رحمانی مرحوم (خیر پور ٹامے والی) حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے دیرینہ معتقد تھے۔

☆ حاجی امداد اللہ نیازی مرحوم (مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن حاجی غلام رسول نیازی کے برادرِ اصغر اور حضرت صوفی عبدالرحیم نیازی رحمہ اللہ کے فرزند۔فیصل آباد۔۱۸/اگست)

☆ اہلیہ مرحومہ مولانا سید محمد داؤد غزنوی رحمتہ اللہ علیہ ☆ ملک محمد مشتاق مرحوم (ملک محمد یوسف صاحب کے چچا۔۱۰/اگست' لاہور)

☆ ملک محمد طاہر مرحوم (یکم جون' لاہور) ہمارے دیرینہ کرم فرما اور مخلص معاون تھے۔

☆ ملک افتخار الزماں مرحوم (۱۹/اگست' لاہور) ملک محمد طاہر کے چھوٹے بھائی تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔(آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کا خصوصی اہتمام کریں۔(ادارہ)

دعائے صحت

☆ ممتاز دانشور،افسانہ نگار اور ہمارے مخلص دوست محترم جاوید اختر بھٹی (ملتان)

☆ الیاس میراں پوری کے ماموں' محمد رمضان (میلسی) ☆ عبدالرحمٰن جامی نقشبندی (جلال پور پیروالا' ضلع ملتان)

☆ محمد اویس (برادر محمد عاطف' ملتان) ☆ حاجی غلام رسول قریشی (گلگشت کالونی' ملتان) ☆ حاجی محمد طیب، حاجی معین الدین (بستی باوا صفرا' ملتان) ☆ محترم حکیم عطا یزدانی (ملتان) ☆ ملک محمد یامین (حلوائی' امیر آباد' ملتان) ☆ چودھری اختر علی و اہلیہ' محمد وسیم ولد چودھری اختر علی (جنرل بس سٹینڈ' ملتان)

اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو صحت کاملہ عطاء فرمائے۔(آمین) قارئین سے بھی دعائے صحت کی درخواست کی جاتی ہے۔(ادارہ)